بسم الله الرحمن الرحيم

# نیا چاند دیکھنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہُ عَلَیۡنَا بِالۡیُمۡنِ وَالۡاِیۡمَانِ وَالسَّلَامَۃِ

وَالۡاِسۡلَامِ رَبِّیۡ وَرَبُّکَ اللّٰہُ

یا اللہ! ہم پر یہ چاند امن، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ

طلوع فرما، اے چاند! میرا اور تیرا رب اللہ ہے۔

(سنن الترمذی:3451)

# رمضان اور رحمت

رمضان مبارک

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو رحمت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔

(صحیح مسلم:2496)

# رحمت و برکت کا مہینہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جب رمضان کی پہلی رات آتی ہے تو شیطانوں اور سرکش جنوں کو جکڑ دیا جاتا ہے۔ جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں، ان میں سے ایک دروازہ بھی کھلا نہیں رہتا اور جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں، ان میں سے ایک دروازہ بھی بند نہیں رہتا۔

(سنن ابن ماجہ:1642)

# رحمت و برکت کا مہینہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

تحقیق تمہارے پاس رمضان آیا ہے۔ یہ برکتوں والا مہینہ ہے۔
اللہ تعالیٰ نے اس کے روزے تم پر فرض کیے ہیں۔

اس میں جنت کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیاطین جکڑ دیئے جاتے ہیں۔ اس میں ایک رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ جو اس کی بھلائی سے محروم رہا تو تحقیق وہ محروم ہی رہا۔

(مسند احمد:7148)

رمضان مبارک

# سحری میں برکت

نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا:

- سحری کھاؤ کیونکہ سحری کھانے میں برکت ہے۔

(صحیح البخاری:1923)

- یقیناً اللہ اور اس کے فرشتے سحری کھانے والوں پر درود بھیجتے ہیں۔

(المعجم الأوسط للطبرانی:6430 )

# افطار کی دعا

ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ
وَثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

پیاس ختم ہوگئی، رگیں تر ہوگئیں اور (روزے کا) ثواب
ان شاء اللہ پکا ہوگیا۔

(سنن ابی داؤد:2357)

# روزہ افطار کرانے کا اجر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس نے روزہ دار کو روزہ افطار کرایا اسے بھی اتنا ہی اجر ملے گا جتنا روزہ دار کے لیے ہوگا اور روزہ دار کے اجر میں کچھ بھی کمی نہ ہوگی۔

(سنن الترمذی:807)

# روزہ افطار کرانے والے کو دعا

اَفْطَرَ عِنْدَکُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَکَلَ طَعَامَکُمُ الْاَبْرَارُ

وَصَلَّتْ عَلَیْکُمُ الْمَلَائِکَۃُ

روزے دار تمہارے ہاں روزہ افطار کرتے رہیں

اور نیک لوگ تمہارا کھانا کھاتے رہیں اور

فرشتے تمہارے لیے دعائیں کرتے رہیں۔

(سنن ابی داؤد:3854)

# قیام اللیل

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

جس نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے
رمضان کی راتوں میں قیام کیا اس کے گزشتہ
سارے گناہ معاف کردیے گئے۔

(صحیح البخاری:37)

# روزے کا مقصد

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

روزہ صرف کھانا پینا چھوڑنے کا نام نہیں ہے

بلکہ روزہ تو لغو (ہر بے فائدہ و بے ہودہ کام) اور رفث

(جنسی خواہشات پر مبنی حرکات اور کلام) سے بچنے کا نام ہے۔

لہٰذا اگر کوئی تمہیں (دوران روزہ) گالی دے یا

جہالت کی باتیں کرے تو اسے کہہ دو کہ میں روزہ دار ہوں، میں روزہ دار ہوں۔

(صحیح الترغیب و الترھیب: 1082)

# روزہ اور زبان کی حفاظت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

## جس نے بدزبانی اور جھوٹ نہ چھوڑا تو اللہ تعالیٰ کو اس کے کھانا پینا چھوڑ دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔

(صحیح الترغیب والترھیب:1080)

# رمضان اور گناہوں کی بخشش

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے اس کے گزشتہ سارے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

(صحیح البخاری:38)

رمضان مبارک

# روزہ کینہ دور کرنے کا ذریعہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

صبر کے مہینے یعنی ماہ رمضان اور ہر مہینے کے تین روزے رکھنا سینے کے کینے کو دور کر دیتا ہے۔

(صحیح الترغیب والترہیب:1032)

AL- HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: + 92-51-4436140-3

06010001

# روزہ جنت میں داخلے کا ذریعہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس کا خاتمہ اس حال میں ہوا کہ وہ اللہ عزوجل سے ثواب کی امید سے روزہ رکھے ہوئے تھا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

(السلسلة الصحيحة:1645)

رمضان مبارک

# صدیقین اور شہداء کا ساتھ

ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ !
اگر میں گواہی دوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں،
اور میں پانچ نمازیں پڑھوں، زکوۃ ادا کروں اور رمضان کے روزے
رکھوں اور اس کا قیام بھی کروں، تو میں کن لوگوں میں سے ہوں گا؟
آپ ﷺ نے فرمایا: صدیقین اور شہداء میں سے۔

(صحیح الترغیب والترھیب:361)

# روزے کی خصوصی جزا

رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

ابن آدم کے تمام اعمال اس کے لیے ہیں سوائے روزہ کے، بے شک وہ میرے لیے ہے اور میں خود اس کا بدلہ دوں گا۔

(صحیح البخاری:1904)

# روزہ دار کے لیے دو خوشیاں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

روزہ دار کو دو خوشیاں حاصل ہوتی ہیں۔
ایک اس وقت جب وہ افطار کرتا ہے تو خوشی محسوس کرتا ہے
اور دوسرے جب وہ اپنے رب سے ملاقات کرے گا
تو روزے کا ثواب دیکھ کر خوش ہو جائے گا۔

(صحیح البخاری:1904)

# روزے کا اجر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جنت میں ایک بالاخانہ ایسا بھی ہے جس کا ظاہر باطن سے اور باطن ظاہر سے نظر آتا ہے یہ اللہ نے اس شخص کے لیے تیار کیا ہے جو لوگوں کو کھانا کھلائے، نرمی سے بات کرے، تسلسل کے ساتھ روزے رکھے اور اس وقت نماز پڑھے جب لوگ سو رہے ہوں۔

(مسند احمد:22905)

# روزہ اور سفارش

رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا:

روزہ اور قرآن قیامت کے دن بندے کے لیے سفارش کریں گے۔

روزہ کہے گا: اے میرے رب! میں نے اس بندے کو کھانے پینے اور اپنی خواہش (پوری کرنے) سے روکے رکھا لہٰذا اس کے بارے میں میری سفارش قبول فرما۔

قرآن کہے گا: اے میرے رب! میں نے اس بندے کو رات کو سونے سے روکے رکھا (قیام کے لیے) لہٰذا اس کے بارے میں میری سفارش قبول فرما،

چنانچہ دونوں کی سفارش قبول کی جائے گی۔

(مسند احمد: 6626)

# جہنم کی آگ سے دوری

جو شخص اللہ کے راستے میں ایک دن کا روزہ رکھے گا

اللہ تعالیٰ اس کے بدلے اس کے چہرے کو آگ

سے ستر سال کی مسافت پر رکھے گا۔

(صحیح مسلم:2711)

# روزہ آگ سے بچاؤ کا ذریعہ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

- روزہ ایک ڈھال ہے جس کے ذریعے انسان جہنم سے تحفظ حاصل کر لیتا ہے۔

(مسند أحمد:15264)

- روزہ ڈھال ہے اور آگ سے بچاؤ کا ایک مضبوط قلعہ ہے۔

(مسند أحمد:9225)

# روزہ جہنم سے آزادی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ ماہ رمضان کے ہر دن اور رات میں لوگوں کو جہنم سے آزاد کرتے ہیں اور ماہ رمضان کے ہر دن و رات میں ہر مسلمان کے لیے ایک ایسی دعا ہے جسے قبولیت سے نوازا جاتا ہے۔

(صحیح الترغیب و الترہیب: 1002)

# مومن کی قبر میں حفاظت کا ذریعہ

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

جب انسان کو اس کی قبر میں داخل کردیا جاتا ہے تو اگر وہ مومن ہو تو اس کے اعمال مثلاً نماز، روزہ اسے گھیرے میں لے لیتے ہیں، فرشتہ نماز کی طرف سے آنا چاہتا ہے تو نماز اسے روک دیتی ہے، روزے کی طرف سے آنا چاہے تو روزہ اسے روک دیتا ہے۔

(مسند احمد:26976)

رمضان مبارک

رمضان مبارک

# لیلة القدر کی فضیلت

رمضان آیا تو رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا:

یہ مہینہ جو تم پر آیا ہے اس میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینوں سے بہتر ہے جو شخص اس سے محروم رہا وہ ہر بھلائی سے محروم رہا، اس رات کی سعادت سے صرف بدنصیب ہی کو محروم کیا جاتا ہے۔

(سنن ابن ماجہ:1644)

AL- HUDA International Welfare Foundation www.alhudapk.com Ph: + 92-51-4436140-3

06010001

# لیلۃ القدر کی تلاش

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

رمضان کے آخری عشرے میں شب قدر تلاش کرو
پھر اگر تم میں سے کوئی کمزوری دکھائے یا عاجز ہو جائے
تو آخری سات راتوں میں سستی نہ کرے۔

(صحیح مسلم:2765)

# شب قدر میں قیام

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

جو شخص ایمان اور ثواب کی نیت سے شب قدر کا قیام کرتا ہے۔اس کے پچھلے گناہ معاف کردیے جاتے ہیں۔

(صحیح البخاری:2014)

رمضان مبارک

# لیلة القدر کی دعا

## اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ کَرِیُمٌ تُحِبُّ الُعَفُوَ فَاعُفُ عَنِّیُ

اے اللہ! تو معاف کرنے والا ہے، کرم فرمانے والا ہے،
معاف کرنے کو پسند کرتا ہے پس مجھے معاف فرما دے۔

(سنن الترمذی:3513)